# انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ، راولپنڈی

## نوٹیفیکیشن

بحوالہ نوٹیفکیشن نمبر 943-SY/PBCC/LHR مورخہ 15-11-2023 جملہ متعلقین کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام امتحان میٹرک (نہم پارٹ ون اور دہم پارٹ ٹو/کمپوزٹ، 1st Annual) 2024ء مورخہ 01 مارچ 2024ء سے شروع ہوگا۔ جس کیلئے بورڈ ہذا میں آن لائن داخلہ فارم مع امتحانی فیس مع ہارڈ کاپی / کٹ لسٹ کی وصولی کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

### شیڈول برائے وصولی داخلہ فارم مع فیس

| نمبر شمار | شیڈول | ریگولر/پرائیویٹ امیدواران |
|---|---|---|
| 01 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 15-11-2023 تا 12-12-2023 |
| 02 | دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 13-12-2023 تا 26-12-2023 |
| 03 | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 27-12-2023 تا 03-01-2024 |
| 04 | تین گنا فیس اور مبلغ -/200 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ آخری تاریخ | 04-01-2024 تا 08-02-2024 |
| 05 | تین گنا فیس مع مبلغ -/200 روپے یومیہ جرمانہ اور امتحان شروع ہونے سے (10 ایام) قبل تک مبلغ -/500 روپے یومیہ جرمانے کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ | 09-02-2024 تا 19-02-2024 |

### فیس کی شرح

| گروپ | ریگولر امیدواران کیلئے: پارٹ I (نہم) | پارٹ II (دہم) | کمپوزٹ | پرائیویٹ امیدواران کیلئے: پارٹ I (نہم) | پارٹ II (دہم) | کمپوزٹ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آرٹس | Rs.700- | Rs.700- | Rs.1400/- | Rs.750/- | Rs. 750/- | Rs. 1500/- |
| سائنس / آرٹس مع عملی امتحان | Rs.750/- | Rs.750/- | Rs.1500/- | Rs. 800/- | Rs. 800/- | Rs. 1600/- |
| درس نظامی | -- | -- | -- | Rs. 750/- | Rs. 750/- | Rs. 1500/- |
| رجسٹریشن فیس (صرف ایک مرتبہ) | -- | -- | -- | Rs.1000/- | -- | Rs-1000/- |
| سرٹیفکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ) | -- | Rs.1000/- | Rs.1000/- | -- | Rs.1000/- | Rs.1000/- |
| داخلہ فارم پروسیسنگ فیس | Rs.1000/- | Rs.1000/- | Rs.1000/- | Rs.1000/- | Rs.1000/- | Rs.1000/- |
| ڈیولپمنٹ فنڈ | -- | -- | -- | Rs.250/- | Rs.250/- | Rs.250/- |
| سکالرشپ فیس | -- | -- | -- | Rs.150/- | Rs.150/- | Rs.150/- |
| پوسٹل سروس چارجز | -- | -- | -- | Rs.200/- | Rs.200/- | Rs.200/- |

نوٹ: داخلہ فارم / کٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی اور بنک چالان رسید کی (بورڈ کاپی) مجوزہ تاریخ میں ایک ساتھ دستی یا رجسٹرڈ ارسال کریں۔ بصورت دیگر جاری شیڈول کے مطابق فیس وصول کی جائے گی۔

### ہدایات برائے سربراہان تعلیمی ادارہ جات / پرائیویٹ امیدواران

۱۔ پہلی مرتبہ امتحان میں شرکت کرنے والے تمام پرائیویٹ امیدوران داخلہ فیس اور پروسیسنگ فیس کے علاوہ رجسٹریشن فیس مبلغ -/1000 روپے بھی جمع کروائیں گے۔

۲۔ سند / سرٹیفکیٹ فیس مبلغ -/1000 روپے تمام ریگولر / پرائیویٹ دہم (پارٹ-II) اور کمپوزٹ امتحان میں شرکت کرنے والے امیدواران کو بھی جمع کروانی ہوگی۔ اس کے علاوہ ایڈیشنل مضامین اور مارکس امپرومنٹ کا امتحان دینے والے امیدواران داخلہ فیس مع پروسیسنگ فیس کے ساتھ سند / سرٹیفکیٹ فیس مبلغ -/1000 روپے بھی جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۳۔ تمام سرکاری و بورڈ سے الحاق شدہ اداراہ جات بورڈ فیصلہ کے مطابق (نہم، دہم) رزلٹ گزٹ فیس مبلغ -/600 روپے جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۴۔ دوسرے بورڈز سے NOC لے کر آنے والے تمام پرائیویٹ امیدواران مبلغ -/1000 روپے رجسٹریشن فیس جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۵۔ ایسے امیدواران جنہوں نے داخلہ فیس بنک میں مقررہ تاریخ میں جمع کروائی ہو لیکن داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی رولنمبر سلپ جاری ہونے کے بعد دفتر لے کر آئے۔ ایسے امیدواران کو بورڈ فیصلہ کے مطابق مبلغ -/3500 روپے جمع کروانے کے بعد رولنمبر سلپ جاری کی جائے گی۔

۶۔ تمام سرکاری و بورڈ سے الحاق شدہ اداراہ جات Creation of Batch کے بعد اگر Batch ختم (Delete) کرانا چاہیں تو سربراہ ادارہ کی درخواست کے ساتھ مبلغ -/2000 روپے کی فیس جمع کروا کر رسید نمبر 04 مجوزہ تاریخ میں دستی یا رجسٹرڈ ارسال کریں۔

۷۔ نئے الحاق شدہ ادارہ جات کو اکیڈمک برانچ کی طرف سے جاری کردہ مراسلہ / ادارہ کوڈ جاری ہونے کے 10 ایام کے اندر اندر اپنے امیدواران کے داخلہ کی کٹ لسٹیں سنگل فیس کے ساتھ جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ بصورت دیگر مقررہ تاریخ کے بعد جو بھی فیس کا شیڈول چل رہا ہوگا اُس کے مطابق فیس وصول کی جائیگی۔

۸۔ ریگولر ادارے (سرکاری / الحاق شدہ) اپنے امیدواران کے ہر لحاظ سے مکمل ایڈمیشن کٹ لسٹ (کم از کم 80 گرام پیپر A-4 سائز پر) پرنٹ نکالنے کے بعد ایڈمیشن کٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی مع بنک میں جمع شدہ فیس چالان رسید بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، راولپنڈی کی میٹرک برانچ میں میٹرک کے امیدواران اور نہم برانچ میں نہم کے امیدواران کی کٹ لسٹیں شیڈول کے مطابق جمع کروائیں گے۔

۹۔ تمام سرکاری و بورڈ سے الحاق شدہ ادارہ جات پوسٹل سروسز چارجز کی مد میں فی ادارہ مبلغ -/300 روپے جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۱۰۔ تمام پرائیویٹ امیدواران داخلہ فیس کے ساتھ پوسٹل سروسز چارجز کی مد میں مبلغ -/200 روپے، ڈیولپمنٹ فنڈ مبلغ -/250 روپے اور سکالرشپ فیس -/150 فیس جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۱۱۔ تمام سرکاری و بورڈ سے الحاق شدہ ادارہ جات داخلہ فارم آن لائن کرنے کے بعد مجوزہ تاریخ میں گزٹ فیس، ایڈمیشن کٹ لسٹ، ریونیولسٹ، Forwording Letter اور جمع شدہ داخلہ فیس اصل چالان رسید کی کاپی نمبر 04 دستی یا رجسٹرڈ ارسال کریں۔ بصورت دیگر مقررہ تاریخ کے بعد جو بھی فیس شیڈول ہوگا۔ اس کے مطابق فیس وصول کی جائے گی۔

۱۲۔ پرائیویٹ امیدوار داخلہ آن لائن کرنے کے بعد بنک میں مطلوبہ فیس جمع کرانے اور تصدیق شدہ داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی بورڈ کے سہولت سنٹر واقع بورڈ کیمپس مورگاہ، راولپنڈی میں دستی یا بذریعہ رجسٹرڈ بھجوائے گا۔ کسی بھی دشواری کی صورت میں امیدوار اپنے مکمل دستاویزات کے ساتھ بورڈ آفس سے رابطہ کرے۔

۱۳۔ وہ امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) کی طرح جاری شیڈول کے مطابق امتحانی فیس جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۱۴۔ پنجاب کے تمام اضلاع کے جیل خانہ جات میں قید تمام قیدی امیدواران کو امتحانی فیس سے استثنیٰ حاصل ہے۔ (یہ رعایت صرف سنگل فیس کے ساتھ حاصل ہوگی۔)

۱۵۔ تمام پرائیویٹ امیدواران اور ریگولر ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ بنک میں جمع شدہ فیس چالان فارم موجود مقررہ جگہ پر چسپاں کریں۔

۱۶۔ ریگولر / پرائیویٹ داخلہ فارم Online کرنے کیلئے بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk وزٹ کریں۔

sd/-
آصف حسین
سیکرٹری

نمبر: O.S.F/480/2023

مورخہ: 18-11-2023

کاپی برائے اطلاع:-

1. چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) اٹک، چکوال، جہلم، راولپنڈی۔ 2. راولپنڈی بورڈ کی حدود میں واقع منظور شدہ ہائی و ہائیر سیکنڈری سکولوں کے سربراہان کے نام۔
3. منیجر حبیب بینک رحمٰن آباد مری روڈ راولپنڈی (بورڈ سے متعلقہ برانچوں کے لئے) 20 کاپیاں۔ 4. پی۔آر۔او بورڈ ہذا۔ (برائے اشاعت اخبارات)
5. تمام افسران بورڈ ہذا / داخلی تقسیم۔ 6. ویب ڈویلپر کمپیوٹر سیل، بورڈ ہذا 7. آئی جی جیل خانہ جات

اسسٹنٹ سیکرٹری فنانس
برائے سیکرٹری

duleFee for SSC Notification 2024